


## GOLD RATE

| | |
|---|---|
| سونا 24K۔(10 گرام) | 387,517 |
| سونا 24K۔(فی تولہ) | 452,000 |
| سونا 22K۔(10 گرام) | 355,224 |
| سونا 22K۔(فی تولہ) | 414,440 |
| چاندی۔(10 گرام) | 5824 |

## نماز ٹائمنگ

| | |
|---|---|
| فجر | 05:10 am |
| ظہر | 01:30 pm |
| عصر | 05:45 pm |
| مغرب | غروب آفتاب |
| عشاء | 09:15 pm |

## نرخ نامہ برائے پولٹری

| نام | قیمت |
|---|---|
| برائلر مرغی | 398/kg |
| برائلر مرغی کا گوشت | 635/kg |
| انڈے (فارم) ہول سیل | 244/Dozen |
| انڈے (فارم) ریٹیل | 260(Dozen) |



## ٹرینوں کی آمدورفت

| | | |
|---|---|---|
| علامہ اقبال ایکسپریس | 2:15 | 8:10 |
| ہزارہ ایکسپریس | 7:35 | 11:45 |
| عوام ایکسپریس | 7:00 | 7:16 |
| سکھر ایکسپریس | 11:10 | 7:10 |
| کراچی ایکسپریس | 6:00 | 11:45 |
| بہاؤالدین زکریا | 6:30 | 8:50 |
| شالیمار ایکسپریس | 6:00 | 11:45 |
| پاکستان ایکسپریس | 1:30 | 8:35 |
| گرین لائن | 10:00 | 1:55 |
| تیزگام | 5:30 | 9:55 |

## شرح تبادلہ

| کرنسی | قیمت خرید | قیمت فروخت |
|---|---|---|
| امریکی ڈالر | 279.00 | 279.40 |
| یورو | 321.18 | 326.17 |
| برطانوی پونڈ | 371.49 | 375.25 |
| امارات درہم | 75.95 | 76.75 |
| سعودی ریال | 74.30 | 74.95 |
| کویتی دینار | 885.17 | 895.85 |
| کینیڈین ڈالر | 195.60 | 198.00 |
| آسٹریلین ڈالر | 176.25 | 178.50 |
| عمانی ریال | 724.50 | 733.00 |
| جاپانی ین | 1.91 | 1.97 |
| ملائیشین رنگٹ | 62.18 | 62.78 |
| قطر دینار | 76.18 | 76.88 |
| بحرین دینار | 740.30 | 748.30 |
| ہانگ کانگ ڈالر | 36.24 | 36.59 |
| سنگاپور ڈالر | 210 | 212 |
| بھارتی روپیہ | 3.12 | 3.21 |


روزنامہ قوم کی آواز کراچی

چیف ایڈیٹر: فراست شاہ

ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث

منیجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک

Reg No. 1/T/0001/642446

ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرعی ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔

VON GROUP OF PUBLICATION — VOICE OF NATION

ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال

جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔

021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk


## ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس میرپورخاص رینج کیپٹن (ر) فیصل عبداللہ چاچڑ کی زیرصدارت رینج آفس میں ایک اہم اجلاس منعقد



میرپورخاص (بیورورپورٹ) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس میرپورخاص رینج کیپٹن (ر) فیصل عبداللہ چاچڑ کی زیرصدارت رینج آفس میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ایس ایس پی میرپورخاص سید فدا حسین شاہ، ایس ایس پی عمرکوٹ سہائی عزیز ٹالپر، ایس پی تھرپارکر عارف عزیز سمیت دیگر سینئر پولیس افسران نے شرکت کی اجلاس میں چہلم حضرت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

## ضلع انتظامیہ میرپورخاص کی جانب سے 5 اگست یوم استحصال کشمیر بھرپور انداز میں منایا جائیگا

### پاکستانی عوام بھی کشمیری عوام سے والہانہ ہمدردی اور محبت کا اظہار کرتی ہے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ٹو فیصل علی سومرو کی زیرصدارت اجلاس



میرپورخاص (بیورورپورٹ) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ٹو فیصل علی سومرو نے کہا ہے کہ ضلع انتظامیہ میرپورخاص کی جانب سے 5 اگست یوم استحصال کشمیر بھرپور انداز میں منایا جائے گا کیونکہ پاکستانی عوام بھی کشمیری عوام سے والہانہ ہمدردی اور محبت کا اظہار کرتی ہے. اس بات کا اعلان انہوں نے کمشنر کمیٹی ہال میں 5 اگست یوم استحصال کشمیر منانے کے متعلق انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس کی صدارت کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

## میونسپل کارپوریشن میرپورخاص کا بجٹ اجلاس میئر عبدالرؤف غوری کی زیرصدارت منعقد، 3 ارب 81 کروڑ 92 لاکھ 800 روپے کا بجٹ متفقہ طور پر منظور

میرپورخاص (بیورورپورٹ) میونسپل کارپوریشن میرپورخاص کا بجٹ اجلاس میئر عبدالرؤف غوری کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں 22 یونین کونسلوں کے چیئرمینوں، منتخب نمائندوں اور میونسپل کارپوریشن کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں مالی سال کے لیے 3 ارب 81 کروڑ 92 لاکھ 800 روپے کا بجٹ متفقہ طور پر منظور کر لیا گیا بجٹ دستاویزات کے مطابق میونسپل کارپوریشن کی متوقع آمدنی 3 ارب 81 کروڑ 92 لاکھ روپے رکھی گئی ہے، جس میں حکومت سندھ کی جانب سے اوکٹروئی و ضلع ٹیکس (OZT) شیئر کی مد میں ایک ارب 74 کروڑ روپے بھی شامل ہیں منظور شدہ بجٹ کے مطابق مجموعی اخراجات کے لیے 3 ارب 81 کروڑ 74 لاکھ روپے مختص کیے گئے ہیں، جن میں ملازمین کی تنخواہوں کے لیے ایک ارب 34 کروڑ 2 لاکھ روپے، کانٹیجنسی اخراجات کے لیے 3 کروڑ 44 لاکھ روپے، مختلف گرانٹس کے لیے 2 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

## ڈویژنل کمشنر میرپورخاص شہمیر خان بھٹو نے امکانی مون سون بارشوں کے پیش نظر کمشنر آفس میرپورخاص میں رین ایمرجنسی سیل قائم کردیا

میرپورخاص (بیورورپورٹ) ڈویژنل کمشنر میرپورخاص شہمیر خان بھٹو نے امکانی مون سون بارشوں کے پیش نظر کمشنر آفس میرپورخاص میں رین ایمرجنسی سیل قائم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



## میرپورخاص کے فلاحی اداروں کا عوام کی خدمت میں اہم کردار ہے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ون ندیم احمد بلوچ



میرپورخاص (بیورورپورٹ) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ون ندیم احمد بلوچ نے کہا ہے کہ میرپورخاص کے فلاحی اداروں کا عوام کی خدمت میں اہم کردار ہے اس لیے فلاحی اداروں کے درپیش مسائل کا حل ہونا بہت ضروری ہے یہ بات انہوں نے اپنے دفتر میں ڈاکٹر ڈریگوز چہ بچہ ہسپتال کی بہتری، ہلال احمر اور ٹی بی سینٹر کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے متعلق ایک اجلاس کی صدارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

## جیکب آباد میں مبینہ پولیس مقابلے میں ایک شخص ہلاک، ایک زخمی، ورثا کا لاش سمیت احتجاج

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد میں مبینہ پولیس مقابلے میں ایک شخص ہلاک، ایک زخمی، ورثا کا لاش سمیت احتجاج۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے قریب بگاری پل کے مقام پر رات گئے پولیس اور مبینہ ڈاکوؤں کے درمیان ہونے والے مبینہ مقابلے میں ایک شخص (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

## جیکب آباد میں سی آئی اے پولیس کی کارروائی، 2 کلو چرس اور 42 کلو گٹکا برآمد، بین الصوبائی اسمگلر گرفتار

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد میں سی آئی اے پولیس کی کارروائی، 2 کلو چرس اور 42 کلو گٹکا برآمد، بین الصوبائی اسمگلر گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں سی آئی اے پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بھاری مقدار میں چرس اور گٹکا برآمد کرکے ایک بین الصوبائی اسمگلر کو گرفتار کر لیا، پولیس کے مطابق سی آئی اے پولیس نے تھانہ آباد کی حدود میں پاکیزہ واٹر پارک بائی پاس کے قریب ناکہ بندی اور چیکنگ کے دوران ایک کار کو روک کر تلاشی لی، تلاشی کے دوران گاڑی سے 2 کلوگرام چرس اور 42 کلوگرام گٹکا برآمد کرکے پولیس نے ایک ملزم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

## میرپورخاص قریب گاؤں حاجی محمد سولنگی کے رہائشی محمد حنیف سولنگی نے اپنی برادری کے لوگوں کے ہمراہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ

میرپورخاص (بیورورپورٹ) میرپور خاص قریب گاؤں حاجی محمد سولنگی کے رہائشی محمد حنیف سولنگی نے اپنی برادری کے لوگوں کے ہمراہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انہوں نے زمیندار شاہ محمد پلی سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)



## پولیس کانسٹیبل کی بھرتیوں کے لیے ٹیسٹ پاس کرنے والے اقلیتی امیدواروں نے آفر آرڈر جاری نہ کیے جانے کے خلاف پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا




میرپورخاص (بیورورپورٹ) میرپورخاص میں سال 2024 کے دوران ایس ٹی ایس کے ذریعے پولیس کانسٹیبل کی بھرتیوں کے لیے ٹیسٹ پاس کرنے والے اقلیتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

## پاکستان۔کویت دفاعی تعاون۔۔۔!

ترجمان دفتر خارجہ نے پاکستان اور کویت کے درمیان 2023ء کے دفاعی تعاون کے معاہدے کی کویت کی جانب سے توثیق کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ یہ دونوں ممالک کے درمیان 80ء کی دہائی سے قائم شراکت داری میں اہم سنگِ میل ہے۔ افواج کے درمیان ادارہ جاتی روابط کو مزید فروغ ملے گا۔ قبل ازیں کویت کے وزیرخارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح نے اپنے دورہ پاکستان کے دوران وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کی جس میں دونوں ممالک کے تعلقات، علاقائی صورتحال اور مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان اور کویت کے تعلقات مشترکہ اقدار، باہمی اعتماد اور دیرینہ برادرانہ روابط پر استوار ہیں اور دونوں نے ہر موقع پر ایک دوسرے کا ساتھ دیا ہے۔ اُنہوں نے کویت کی قیادت اور عوام کے ساتھ پاکستان کی مکمل یکجہتی کا اعادہ کرتے ہوئے جاری تنازع کے دوران کویت اور دیگر برادر خلیجی ممالک پر حملوں کی سخت مذمت کی۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان خطے میں اَمن کے قیام کے لئے دیانتدار، مخلص ثالث اور سہولت کار کے طور پر اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ اُنہوں نے تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، زراعت، آئی ٹی، بحری امور اور افرادی قوت کی ترقی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔ اِس موقع پر کویتی وزیرخارجہ نے اپنی قیادت کی جانب سے نیک تمناؤں کا پیغام پہنچایا اور باہمی مفاد کے تمام شعبوں میں تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ کویتی وزیرخارجہ نے پاکستان میں متعین کویتی سفیر ناصر عبدالرحمان المطیر ی کے ہمراہ جنرل ہیڈکوارٹرز (جی ایچ کیو) راولپنڈی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے اُمور، علاقائی سلامتی اور دفاعی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال ہوا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کویتی وزیرخارجہ نے پاکستان کے تعمیری کردار، علاقائی اَمن اور استحکام کے لئے اِس کی کوششوں اور دونوں ممالک کے گہرے برادرانہ تعلقات کو سراہا جبکہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کویت کے ساتھ ہر سطح پر تعاون جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی۔ اِس کے علاوہ کویتی وزیرخارجہ نے نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ اسحاق ڈار سے بھی ملاقات کی۔ ترجمان دفترِ خارجہ کے مطابق کویتی پارلیمان کی جانب سے پاک۔کویت دفاعی تعاون کے معاہدے کی توثیق کے بعد دونوں ممالک نے دفاعی تعاون کو مزید وسعت دینے پر اتفاق کیا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ یہ معاہدہ دونوں ممالک کی مسلح افواج کے درمیان روابط کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ پاکستان اور کویت کے تعلقات نصف صدی سے زائد عرصے پر محیط ہیں۔ اور وقت گزرنے کے ساتھ یہ تعلقات محض سفارتی روابط تک محدود نہیں رہے بلکہ دفاع، تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، افرادی قوت، تعلیم اور علاقائی سلامتی جیسے شعبوں تک پھیل چکے ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون کو باقاعدہ ادارہ جاتی شکل 2023ء میں اُس وقت ملی جب پاکستان اور کویت نے جامع دفاعی تعاون کے معاہدے پر دستخط کیے جس کی توثیق بعدازاں کویتی پارلیمان نے بھی کر دی۔ اِس معاہدے کے تحت دونوں ممالک کی مسلح افواج کے درمیان تربیت، مشترکہ مشقوں، دفاعی مہارت کے تبادلے، انسدادِ دہشت گردی، میری ٹائم سکیورٹی، دفاعی ٹیکنالوجی اور عسکری وفود کے باقاعدہ تبادلوں کی راہ ہموار ہوئی تاہم سرکاری سطح پر دستیاب معلومات کے مطابق اِس میں پاکستانی فوج کی کویت میں مستقل تعیناتی، باہمی دفاع یا جنگ کی صورت میں خودکار فوجی مدد کی کوئی شق شامل نہیں ہے، یہ بنیادی طور پر دفاعی تعاون کا ایک فریم ورک تھا۔

## تنظیم اسلامی کے زیراہتمام ''امت مسلمہ کی حالت زار اور راہ نجات'' کے عنوان سے تین ہفتوں پر مشتمل ملک گیر آگاہی مہم کا آغاز 21 اگست 2026ء تک جاری رہے گی

جیکب آباد (نامہ نگار) تنظیم اسلامی کے زیر اہتمام ''امت مسلمہ کی حالت زار اور راہ نجات'' کے عنوان سے تین ہفتوں پر مشتمل ملک گیر آگاہی مہم کا آغاز 21 اگست 2026ء تک جاری رہے گی، تنظیم اسلامی کے مرکزی ناظم نشر و اشاعت و ترجمان رضاء الحق نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پاکستان سمیت پوری امت مسلمہ کو درپیش مسائل سے نکلنے کے لیے قرآن مجید اور اسوہ رسول اکرم سے دوبارہ وابستگی ناگزیر ہے، اسی مقصد کے تحت ملک بھر میں آگاہی مہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

## منصبِ اقتدار کا فریب اور عورت کی تذلیل: کنگنا راناوت اور بی جے پی کا 'ویمن کارڈ'

**ازقلم: رُحاب علی خان**

تاریخ جب بھی اقتدار اور موقع پرستی کے گٹھ جوڑ کی کوئی داستان لکھتی ہے، تو اس میں منافقت کے کچھ ایسے کردار ضرور دکھائی دیتے ہیں جو اپنے ہی وجود سے غداری کر کے اقتدار کے سنگھار سجاتے ہیں۔ آج نئی دہلی کے سیاسی افق پر ایک ایسا ہی کردار شدت سے بے نقاب ہو رہا ہے ــــ وہ فلمی ہیروئن جو خود کو قوم کی ٹھیکیدار سمجھتی تھی، مگر آج پارلیمنٹ کی نشست پر بیٹھ کر ہندوستانی نسلِ نو (Z-Gen)، خواتین اور اقلیتوں کے حقوق کی پیٹھ میں خنجر گھونپ رہی ہے۔ جی ہاں، بی جے پی کی رُکنِ پارلیمنٹ کنگنا راناوت، جو آج فاشسٹ طاقتی ڈھانچے کا سب سے گھناؤنا اور منافق چہرہ بن چکی ہیں۔

ایک طرف ہندوستانی سڑکوں پر لاکھوں طلبہ اور نوجوان اپنے روشن مستقبل، تعلیمی تباہی اور پیپر لیک مافیا کے خلاف سراپا احتجاج ہیں، تو دوسری طرف یہ محترمہ، جو خود کو قوم کی 'سنسکاری ناڑی' کہلاتی ہیں، ان نوجوانوں پر طنز کے تیر چلانے اور انہیں حقارت کی نگاہ سے دیکھنے میں مصروف ہیں۔ مگر فکری سوال یہ ہے کہ جو عورت خود اپنے ماضی کے تاریک گڑھوں سے فرار ہو کر آئی ہو ــــ جس نے خود یہ اعتراف کیا ہو کہ وہ پندرہ سال کی عمر میں گھر سے بھاگ گئی تھی اور نشے کی لت میں مبتلا رہی ــــ اسے کیا حق پہنچتا ہے کہ وہ آج کے باشعور ہندوستانی نوجوانوں، طالبات اور نسلِ نو پر انگلی اٹھائے؟ وہ کنگنا جو کل تک فلمی دنیا میں ذاتی آزادی اور بغاوت کے جھنڈے گاڑتی تھی، آج بی جے پی کے اس ہندوتوا فریم ورک میں ڈھل چکی ہے جہاں اس کا واحد کام اقلیتوں کے خلاف زہر اگلنا، مظلوم خواتین کے حقوق پر تالے ڈالنا، اور نوجوانوں کی آواز کو کچلنا رہ گیا ہے۔

بی جے پی کی یہ سیاست شروع ہی سے اس تضاد پر کھڑی ہے جہاں وہ خواتین کو صرف ایک سیاسی پتے یا "ویمن کارڈ" کے طور پر استعمال کرتی ہے۔ لیکن کنگنا راناوت کی صورت میں یہ کارڈ اب اس پارٹی کے لیے بھی ایک شرمندگی بن چکا ہے۔ ایک طرف تو یہ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ ہم خواتین کو بااختیار بنا رہے ہیں، اور دوسری طرف ان کی یہ نام نہاد ترجمان ہندوتوا کے تعصب میں اتنی اندھی ہو چکی ہیں کہ وہ ہندوستانی بیٹیوں اور نوجوان نسل کی اخلاقیات پر سوال اٹھاتی ہیں۔ جنسی امتیاز، اقلیتوں پر ڈھائے جانے والے ریاستی مظالم، اور منی پور سے لے کر مختلف علاقوں تک خواتین کی تذلیل کے لرزہ خیز واقعات پر اس محترمہ کا منہ ہمیشہ بند رہتا ہے۔ انہوں نے پارلیمنٹ میں بیٹھ کر کبھی ایک بار بھی مظلوم اقلیتوں، کچی بستیوں کی بے گھر ہونے والی ماؤں، یا سڑکوں پر لاٹھی کھانے والی طالبات کے حق میں ایک لفظ تک نہیں بولا۔ ان کا سارا وجود صرف نفرت کی ترویج اور حکومتی کاسہ لیسی کے گرد گھومتا ہے۔

اعداد و شمار اور تاریخی پس منظر اس بات کے گواہ ہیں کہ جب کوئی معاشرہ سیاسی مفادات کے لیے اخلاقیات کا سودا کر لیتا ہے، تو وہاں جمہوریت کے پتے بکھر جاتے ہیں۔ نیشنل کرائم ریکارڈ بیورو (NCRB) کے اعداد و شمار بتاتے ہیں کہ ہندوستان میں خواتین کے خلاف جرائم کی شرح کس خطرناک حد تک بڑھ چکی ہے، مگر حکمران جماعت کی یہ 'خواتین کی چیمپئن' اس پر مکمل خاموشی اختیار کیے رکھتی ہے۔ ان کی پوری سیاست کا محور صرف یہ ہے کہ کس طرح اپنے آقاؤں کو خوش کیا جائے، چاہے اس کے لیے ملک کے بچوں کو 'اربن نکسل' کہا جائے یا اپنی ہی دھرتی کی بیٹیوں کی تذلیل کی جائے۔

تاریخ کا یہ المیہ ہمیشہ سے تلخ رہا ہے کہ جب کوئی مظلوم طبقے سے اٹھ کر ظالموں کی صف میں جا بیٹھتا ہے، تو وہ اپنے ہی ہم جنسوں اور ہم وطنوں کے لیے سب سے بڑا عذاب بن جاتا ہے۔ کنگنا راناوت کی یہ منافقانہ سیاست اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ بی جے پی کا یہ 'ویمن کارڈ' دراصل ہندوستانی عورت کے وقار، حیا اور حقیقی بااختیاری (Empowerment Women) کے منہ پر ایک طمانچہ ہے۔

آج ہندوستان کی بیدار نسل اور باشعور خواتین یہ اچھی طرح سمجھ چکی ہیں کہ فاشزم کے یہ مہرے جتنی مرضی لفاظی کر لیں، اب ان کا یہ کھوکھلا فسانہ زیادہ دیر نہیں چل سکتا۔ نوجوان نسل سڑکوں پر اپنے حقوق کی جنگ خود لڑ رہی ہے، اور تاریخ کے اس موڑ پر کنگنا راناوت جیسے کرداروں کا انجام صرف اور صرف سیاسی گمنامی اور عوامی حقارت کے سوا کچھ نہیں ہوگا!

☆☆☆

## کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے: راولاکوٹ کے واقعات کے پیچھے حقیقت کیا ہے؟

**از قلم: علشبہ علی**

کشمیر پاکستان کے لیے محض نقشے پر موجود ایک خطہ نہیں بلکہ تاریخ، جغرافیہ، ثقافت اور مشترکہ جذبات سے جڑا ہوا خطہ ہے۔ آزاد جموں و کشمیر کے عوام کے ساتھ پاکستان کا تعلق نسلوں پر محیط ہے اور اسی لیے راولاکوٹ سمیت آزاد کشمیر کے مختلف شہروں میں پیدا ہونے والی حالیہ بدامنی نے پورے ملک میں تشویش پیدا کی۔ تاہم ان واقعات کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ عوامی مطالبات، آئینی تنازع، احتجاج اور تشدد کے مختلف پہلوؤں کو الگ الگ دیکھا جائے۔

کشمیر کے عوام کے معاشی اور سیاسی مسائل اپنی جگہ موجود ہیں۔ بجلی، آٹے، روزگار، حکومتی اخراجات، سیاسی نمائندگی اور طرزِ حکمرانی جیسے معاملات پر آواز اٹھانا سیاسی عمل کا حصہ ہے۔ آزاد جموں و کشمیر میں قانون ساز اسمبلی، منتخب حکومت اور آئینی ادارے موجود ہیں جن کے ذریعے سیاسی مطالبات اٹھائے اور قانونی طریقہ کار کے تحت ان پر فیصلے کیے جا سکتے ہیں۔

12 مہاجر نشستوں کے معاملے پر 7 جون 2026 کو آزاد جموں و کشمیر سپریم کورٹ کی رائے بھی اسی آئینی فریم ورک کو واضح کرتی ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ اسمبلی کی 12 مہاجر نشستیں آئینی تحفظ رکھتی ہیں اور انہیں محض انتظامی فیصلے کے ذریعے ختم یا تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔ کسی بھی تبدیلی کے لیے آئینی ترمیم کا باقاعدہ طریقہ اختیار کرنا ہوگا۔ عدالت نے یہ بھی واضح کیا کہ آئینی معاملات کا حل عوامی مینڈیٹ، پارلیمانی بحث اور آئینی طریقہ کار کے ذریعے ہوگا۔

یہاں احتجاج اور تشدد کے درمیان فرق بھی واضح رہنا چاہیے۔ اگر کسی احتجاج میں مسلح عناصر کی جانب سے قانون نافذ کرنے والے اداروں پر فائرنگ کی گئی ہو تو اسے پرامن سیاسی احتجاج کے زمرے میں نہیں رکھا جا سکتا۔ سیاسی مطالبہ اپنی جگہ ایک حق ہے، لیکن مسلح حملہ اس حق کا حصہ نہیں بنتا۔ اسی طرح ریاستی اداروں کی کارروائی کا جائزہ بھی شواہد، قانون اور آزادانہ تحقیقات کی بنیاد پر ہونا چاہیے۔

JAAC کے حوالے سے بھی ایک اہم قانونی حقیقت موجود ہے۔ آزاد جموں و کشمیر حکومت نے 5 جون 2026 کو Awami Joint Committee Action کو Anti-Terrorism Act 2014 کے تحت First Schedule میں شامل کرتے ہوئے proscribed organisation قرار دیا۔ سرکاری نوٹیفکیشن میں تنظیم پر امن و سلامتی کو متاثر کرنے، عوام میں خوف و ہراس پیدا کرنے اور انتشار پیدا کرنے جیسے الزامات عائد کیے گئے۔ یہ حکومت کا قانونی اقدام تھا، جبکہ انسانی حقوق کی تنظیم International Amnesty نے اس اقدام پر شدید تحفظات کا اظہار کیا اور JAAC کو ایک grassroots movement قرار دیا جو معاشی اور سیاسی حقوق کے مطالبات کر رہی تھی۔ اس لیے صحافتی طور پر ضروری ہے کہ سرکاری الزام اور مخالف فریق کے مؤقف کو الگ الگ بیان کیا جائے۔

راولاکوٹ کے واقعات میں اس کے بعد تشدد کا پہلو مزید نمایاں ہوا۔ Associated Press کے مطابق حکام نے دعویٰ کیا کہ احتجاجی مظاہروں میں مسلح عناصر شامل ہوئے، سکیورٹی اہلکاروں پر فائرنگ ہوئی اور سنائپرز سمیت جدید ہتھیار استعمال کیے گئے۔ حکام نے یہ بھی کہا کہ گرفتار کیے گئے دو افراد نے حملوں کے لیے مالی اور عسکری معاونت حاصل کرنے کے اعترافات کیے۔ یہ تمام نکات حکام کے دعوؤں اور جاری تفتیش سے متعلق ہیں، اس لیے انہیں حتمی عدالتی فیصلے کے طور پر پیش کرنا درست نہیں ہوگا۔

سب سے اہم سوال یہ ہے کہ کیا اس تشدد کے پیچھے کوئی بیرونی نیٹ ورک موجود تھا؟ اس حوالے سے وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے 26 جولائی کو دعویٰ کیا کہ ایک گرفتار ڈیجیٹل مارکیٹنگ سروس فراہم کنندہ کے ذریعے بھارتی آپریٹر سے رابطوں اور مالی لین دین کے شواہد سامنے آئے۔ ان کے مطابق تفتیش میں واٹس ایپ چیٹس اور بھارت سے ہونے والی ادائیگیوں کا ریکارڈ ملا، جبکہ گرفتار شخص نے مبینہ طور پر بتایا کہ بڑے پیمانے پر فروغ دیا جانے والا ڈیجیٹل مواد JAAC سے متعلق تھا اور اس مہم کو بھارت سے فنڈنگ حاصل ہوئی۔ وزیر اطلاعات نے اس سرگرمی کو بھارتی خفیہ ایجنسی RAW سے جوڑا۔

یہاں ایک اہم فرق برقرار رکھنا ضروری ہے۔ دستیاب عوامی شواہد کی بنیاد پر یہ کہنا درست ہے کہ پاکستانی حکومت نے بھارت اور RAW پر JAAC سے متعلق ڈیجیٹل پروپیگنڈا مہم کی پشت پناہی کا الزام عائد کیا ہے اور اس کے لیے گرفتار ڈیجیٹل آپریٹر، مبینہ بھارتی رابطوں، واٹس ایپ چیٹس اور مالی لین دین کو بطور شواہد پیش کیا ہے۔ تاہم اس بنیاد پر یہ کہنا کہ JAAC کی پوری تنظیم براہِ راست RAW کے زیرانتظام تھی یا اس کی قیادت کو باقاعدہ مالی و عسکری سرپرستی حاصل تھی، ایک الگ اور زیادہ بڑا دعویٰ ہوگا جس کے لیے مزید آزادانہ اور قابلِ تصدیق شواہد درکار ہیں۔

اسی طرح راولاکوٹ میں برآمد ہونے والے کسی بھی جدید ہتھیار کو محض اس کی ساخت یا ماڈل کی بنیاد پر بھارتی خفیہ نیٹ ورک سے جوڑ دینا بھی کافی ثبوت نہیں۔ کسی ہتھیار کا اصل ماخذ، سپلائی چین اور استعمال کرنے والے عناصر سے تعلق فرانزک اور تفتیشی شواہد سے ثابت ہونا ضروری ہے۔ یہی فرق ایک مضبوط صحافتی رپورٹ اور محض دعوے میں ہوتا ہے۔

راولاکوٹ کے واقعات کے بارے میں ایک دوسرا بیانیہ بھی سامنے آیا ہے۔ JAAC اور انسانی حقوق کی تنظیموں نے ریاستی کارروائی کو شہریوں کے خلاف طاقت کے استعمال کے طور پر پیش کیا، جبکہ بعض بین الاقوامی رپورٹس میں مظاہرین کی ہلاکتوں اور سکیورٹی فورسز کے استعمال شدہ طاقت پر سوالات اٹھائے گئے۔ دوسری طرف پاکستانی حکام نے مسلح عناصر، سنائپرز اور سکیورٹی اہلکاروں پر حملوں کو واقعات کا اہم حصہ قرار دیا۔

اسی لیے راولاکوٹ کے واقعات کو صرف ایک وائرل ویڈیو یا چند سیکنڈ کی فوٹیج کی بنیاد پر سمجھنا کافی نہیں۔ مکمل تصویر کے لیے یہ دیکھنا ضروری ہے کہ احتجاج سے پہلے کیا مطالبات تھے، مذاکرات اور آئینی راستے میں کیا پیش رفت ہوئی، کس مقام پر تشدد شروع ہوا، قانون نافذ کرنے والے اداروں پر حملے کے شواہد کیا ہیں، ہتھیار کہاں سے آئے، گرفتار افراد کے بیانات کی آزادانہ تصدیق ہوئی یا نہیں، اور ریاستی کارروائی کے دوران طاقت کے استعمال کے بارے میں کیا شواہد موجود ہیں۔

یہ بھی حقیقت ہے کہ آزاد کشمیر کے عوام کے معاشی اور سیاسی مطالبات کو محض بیرونی سازش کہہ کر نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ JAAC کی تحریک کے مطالبات میں بجلی کی قیمت، آٹے کی قیمت، حکومتی اخراجات، سیاسی نمائندگی اور دیگر انتظامی و معاشی مسائل شامل رہے ہیں۔ ان مطالبات کی موجودگی خود اس بات کا ثبوت ہے کہ مقامی شکایات ایک حقیقی سیاسی عنصر ہیں۔

اسی طرح کسی احتجاج میں مسلح عناصر کی موجودگی کی صورت میں اسے مکمل طور پر پرامن قرار دینا بھی دستیاب حکومتی دعوؤں اور سکیورٹی شواہد کو نظرانداز کرنا ہوگا۔ دونوں پہلوؤں کو ایک ساتھ دیکھنا ضروری ہے: عوامی شکایات حقیقی ہو سکتی ہیں اور تشدد میں مسلح عناصر بھی شامل ہو سکتے ہیں۔ ایک حقیقت دوسری حقیقت کو خود بخود ختم نہیں کرتی۔

پاکستانی حکام کی جانب سے بھارت پر ڈیجیٹل مداخلت اور پروپیگنڈا مہم کی پشت پناہی کے الزامات بھی اسی وسیع تناظر میں سامنے آئے ہیں۔ لیکن اگر ان الزامات کو عالمی سطح پر قابل قبول ثبوت کے ساتھ پیش کرنا ہے تو گرفتار افراد کے بیانات، مالی لین دین، ڈیجیٹل فرانزک، بھارتی آپریٹرز کی شناخت، رقم کی منتقلی کے ریکارڈ اور دیگر شواہد کو شفاف طریقے سے سامنے لانا ہوگا۔ محض کسی تنظیم کے بیانیے کی بھارتی میڈیا میں کوریج اس بات کا قطعی ثبوت نہیں کہ وہ تنظیم بھارتی ایجنسی کے زیرانتظام ہے۔

کشمیر کے عوام کے لیے سیاسی راستہ موجود ہے۔ آزاد جموں و کشمیر میں قانون ساز اسمبلی، منتخب حکومت، عدالتیں اور دیگر آئینی ادارے موجود ہیں۔ 12 نشستوں کے معاملے پر سپریم کورٹ کا فیصلہ بھی واضح کر چکا ہے کہ آئینی تبدیلی کا راستہ آئینی ترمیم، پارلیمانی عمل اور قانونی طریقہ کار سے گزرتا ہے۔

اس لیے راولاکوٹ کے واقعات کو محض "ریاست بمقابلہ عوام" یا صرف "بیرونی سازش" کے ایک جملے میں محدود کرنا دونوں صورتوں میں مکمل تصویر پیش نہیں کرتا۔ ایک طرف حقیقی معاشی اور سیاسی شکایات موجود ہیں، دوسری طرف حکام مسلح عناصر، سکیورٹی اہلکاروں پر فائرنگ اور بیرونی ڈیجیٹل معاونت کے شواہد اور الزامات سامنے رکھ رہے ہیں۔ ان تمام دعوؤں کی حتمی حیثیت کا تعین شفاف، قابل تصدیق اور آزادانہ تحقیقات سے ہونا چاہیے۔

کشمیر پاکستان کے لیے تاریخی اور جذباتی اہمیت رکھتا ہے۔ اسی لیے کشمیری عوام کے جائز مسائل کا حل، سیاسی نمائندگی، آئینی عمل اور قانون کی بالادستی بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ اسی کے ساتھ اگر کسی احتجاج میں مسلح عناصر قانون نافذ کرنے والے اداروں کو نشانہ بناتے ہیں تو اس تشدد کی بھی تحقیقات اور قانونی کارروائی ضروری ہے۔

راولاکوٹ کے واقعات کا اصل سبق یہی ہے کہ کشمیر کے عوام کے حقوق اور ریاستی سلامتی کو ایک دوسرے کے مقابل کھڑا کرنے کے بجائے دونوں کو قانون اور آئین کے دائرے میں دیکھا جائے۔ عوامی مطالبات کا جواب سیاسی اور آئینی عمل سے دیا جائے، مسلح تشدد کی تحقیقات شواہد کی بنیاد پر کی جائیں، اور بیرونی مداخلت کے الزامات کو قابلِ تصدیق ثبوت کے ساتھ دنیا کے سامنے رکھا جائے۔ یہی وہ طریقہ ہے جس سے کشمیر کے عوام کے اعتماد، خطے کے امن اور ریاستی اداروں کی ساکھ تینوں کا تحفظ ممکن ہے۔

## سندھ کا ہیلتھ کیئر بحران: جب حکمتِ عملی تلخ حقائق سے ہار گئی!

**تحریر: عامر علی**

سندھ میں ایچ آئی وی اب محض ایک طبی مسئلہ نہیں رہا، یہ صوبے کے صحتِ عامہ کے نظام کے لیے ایک انتہائی سنگین امتحان بن چکا ہے۔ سوال یہ نہیں کہ سندھ میں ایچ آئی وی کے کیسز کیوں سامنے آ رہے ہیں، سوال یہ ہے کہ ایک ایسے صوبے میں جہاں برسوں پہلے ایک بڑے بچوں کے ایچ آئی وی بحران نے پورے ملک کو ہلا کر رکھ دیا تھا، وہاں آج بھی طبی حفاظتی اصولوں، انفیکشن کنٹرول اور نگرانی کے نظام میں ایسی خامیاں کیوں موجود ہیں کہ معصوم بچے علاج کے لیے سرکاری اسپتال جائیں اور بیماری لے کر واپس آئیں؟ 2019 میں لاڑکانہ کے علاقے رتوڈیرو میں سامنے آنے والا بحران کوئی معمولی واقعہ نہیں تھا۔ عالمی ادارہ صحت کے مطابق اپریل سے جون 2019 کے دوران لاڑکانہ ضلع میں 30 ہزار سے زیادہ افراد کی ایچ آئی وی اسکریننگ کی گئی، جن میں 876 افراد مثبت پائے گئے اور ان میں 719 یعنی 82 فیصد بچے تھے۔ عالمی ادارہ صحت کی تحقیقات نے غیر محفوظ طبی طریقوں، غیر محفوظ انجیکشنز اور صحت مراکز میں انفیکشن کنٹرول کی سنگین خامیوں کو اس وبا کی ممکنہ بنیادی وجوہ میں شمار کیا۔ اس سانحے کے بعد سوال اٹھا تھا کہ کیا سندھ کا نظام صحت اس بحران سے سبق سیکھے گا؟ کیا اسپتالوں میں انجیکشن، سرنج، خون، طبی فضلے اور انفیکشن کنٹرول کے اصولوں کی سخت نگرانی ہوگی؟ کیا غیر محفوظ طبی طریقوں کے خلاف مستقل کارروائی ہوگی؟ آج، سات برس بعد، انہی سوالات کا جواب کراچی کے کلثوم بائی والیکا اسپتال کے واقعے میں تلاش کیا جا رہا ہے۔ والیکا اسپتال میں ابتدا میں 78 بچوں کے ایچ آئی وی سے متاثر ہونے کی تصدیق کی گئی۔ بعدازاں مزید بچوں کے مثبت آنے کی اطلاعات سامنے آئیں اور 22 جولائی تک سندھ محتسب کو دی گئی رپورٹ میں تعداد 94 بتائی گئی۔ اس سے بھی آگے، 14 جولائی کو سندھ کے وزیرِ محنت سعید غنی نے بتایا کہ اسپتال اور گردونواح میں 10,500 سے زائد افراد کی اسکریننگ کے دوران 120 افراد ایچ آئی وی مثبت پائے گئے۔ حکومت کے مطابق متاثرہ بچوں کا علاج ملک کے پانچ بڑے اسپتالوں میں جاری ہے۔ لیکن اصل سوال پھر بھی وہی ہے: *یہ بچے اسپتال گئے کیوں تھے؟ علاج کے لیے، یا ایک اور بیماری کے ساتھ واپس آنے کے لیے؟* یہ سوال جذباتی ضرور ہے، مگر اس کا تعلق براہِ راست ریاستی ذمہ داری سے ہے۔ سندھ حکومت نے والیکا معاملے پر کارروائی کا اعلان کیا، دو ڈاکٹروں کو معطل کیا، ایک ڈسپنسر کو عہدے سے ہٹایا اور 37 ملازمین کو اظہارِ وجوہ کے نوٹس جاری کیے۔ بعدازاں سندھ ایمپلائز سوشل سکیورٹی انسٹی ٹیوشن نے متاثرہ بچوں کے علاج اور فلاح کے لیے دو ارب روپے کے اوقاف فنڈ کا اعلان بھی کیا۔ یہ اقدامات اپنی جگہ اہم ہیں، مگر سوال یہ ہے کہ *احتیاط کہاں تھی؟* کارروائی بیماری پھیلنے کے بعد کیوں؟ نگرانی بحران کے بعد کیوں؟ حفاظتی اصول اس وقت کیوں یاد آتے ہیں جب متاثرہ بچوں کی تعداد خبروں کی سرخی بن چکی ہو؟ سندھ حکومت کے اپنے صحت کے نظام میں ایچ آئی وی اور ایڈز کنٹرول پروگرام موجود ہے۔ عالمی ادارہ صحت کی تحقیق یہ بھی بتاتی ہے کہ 2019 کے بحران کے بعد سندھ محکمہ صحت نے انفیکشن کنٹرول پروگرام، محفوظ انجیکشن کے طریقہ کار اور اسپتالوں میں انفیکشن کنٹرول ٹیموں کے قیام جیسے اقدامات کیے تھے۔ تو پھر والیکا ہسپتال تک یہ خامیاں کیسے پہنچیں؟ 18 جولائی کو سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن کی جانب سے سامنے آنے والی معلومات نے اس سوال کو مزید سنگین بنا دیا۔ کمیشن کے مطابق اسپتال میں استعمال شدہ سرنجوں سے سوئیاں دستی طور پر الگ کی جا رہی تھیں اور انہیں مخصوص تیز دھار طبی فضلے کے ڈبوں میں موجود نہیں پایا گیا۔ عملہ یہ بھی واضح نہیں کر سکا کہ نکالی گئی سوئیوں کو آخر کہاں اور کس طریقے سے تلف کیا جاتا تھا۔ یہ صرف انتظامی غفلت کا سوال نہیں۔ یہ *مریض کی جان کے تحفظ* کا سوال ہے۔ پیپلز پارٹی کی طویل صوبائی حکمرانی میں سندھ حکومت کو اس حقیقت سے فرار کی گنجائش نہیں کہ صحت عامہ کی نگرانی، سرکاری اسپتالوں کے معیار، انفیکشن کنٹرول اور جواب دہی صوبائی حکومت کی بنیادی ذمہ داریوں میں شامل ہیں۔ سیاسی اعلانات، پریس کانفرنسیں، معطلیاں اور فنڈز کے اعلانات اس وقت تک کافی نہیں جب تک یہ واضح نہ ہو کہ حفاظتی نظام بار بار کیوں ناکام ہو رہا ہے اور ذمہ داری آخر کس سطح پر طے ہوگی۔ سندھ کے بچوں کو کسی سیاسی جماعت کے منشور، حکومت کی تشہیری مہم یا انتظامی بیان بازی سے زیادہ محفوظ اسپتال درکار ہیں۔ ایک بچے کا اسپتال میں داخل ہونا بیماری کے خطرے میں داخل ہونا نہیں ہونا چاہیے۔ 2019 کا رتوڈیرو ہمیں خبردار کر چکا تھا۔ 2026 کا والیکا بحران اسی انتباہ کو دوبارہ سامنے لا رہا ہے۔ اگر ایک دہائی کے قریب عرصے میں بار بار ایسے واقعات سامنے آتے رہیں، تو اسے محض چند افراد کی غلطی کہہ کر معاملہ ختم نہیں کیا جا سکتا۔ یہ نظام کی جواب دہی کا سوال ہے۔

☆☆☆

